Civics - FA Part 1 Civics Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Preparation

Q1. تمدن کے حوالے سے علم تاریخ اورعلم شہریت میں کیا مشابہت ہے.

Ans 1: تاریخ میں انسانوں کی تہذیب تمدن ،رسم رواج،رجحانات اورگذشتہ ادوار میں ان کے معاشی معاشرتی اور اخلاقی حالات کا مطالعہ کیا جاتا ہے.یہ مطالعہ علم شہریت کے لیے مفید ثابت ہوتا ہے.دونوں مضامین باہم ایک دوسرے پر انداز ہوتے ہیں اور بہتر نتائج کے حصول میں سہو لت حاصل ہوتی ہے.

Q2. سیاسی معاشیات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: علم شہریت اور علم سیاسیات دونوں سے معاشیات کا اتنا گہرا تعلق ہے کہ ابتدائی زمانوں میں تینوں کوایک سمجھا جاتا تھا اوار نام "سیاسی معاشیات" کا دیا جاتا تھا.یہ تو جدید دور کی بات ہے کہ تینوں مضامین کی جداگانہ سرحدیں کی گئی اور تینوں الگ الگ مضامین قرار پائے.

Q3. علم شہریت کا مطالعہ عالمی سطح بر افادیت کا حامل ہوتا ہے.بیان کریں.

Ans 1: تمام معاشرے اور ریاستیں ایک دوسرے سے وابستہ ہوتے ہیں،کوئی معاشرہ یا ریاست خود کفیل نہیں ہوتی،آج کی سپر پاور بھی تمام براعظوں سے دوستی کی تلاش میں ہے ہے اور دنیا کے وسائل پر اس کی نظر ہے،علم شہریت میں بین الاقوامی پہلو کا مطالعہ خصوصی طور پر کیا جاتا ہے.

Q4. علم شہریت اور سیاسیات کے موضوعات میں یکسانیت ہے.بیان کریں.

Ans 1: ریاست،حکومت فرد اور حقوق و فرائض سمیت بہت سے موضوعات دونوں مضامین میں پڑھائے جاتے ہیں.قانون،سیاسی جماعتیں،آزادی مساوات اور کئی دوسرے ابواب بھی مشترکہ ہیں.

Q5. سیاسیات کی بیناد کیا ہے؟

Ans 1: سیاسیات کی بنیاد سہریت کے اصول پر رکھی گئی ہے،فرداور ریاسے کا حوالے سے شہریت نے جن حقائق کو تسلیم کیا سیاسیات میں بھی شامل کر لئے گئے.شہریت معاشرتی و سیاسی سرگرمیوں سے بحث کرتی ہے اور یہ سرگرمیاں سیاسیات کے لیے بھی بنیاد فراہم کرتی ہیں.

Q6. موضوعات کے حوالے سے علم شہریت اور علم تاریخ میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: علم شہریت میں شہری،معاشرہ اور ریاست تک مطالعہ محدود ہوتا ہےلیکن تاریخ کے لیے بے شمار موضوعات ہیں.تاریخ کی حدود بری وسیع اور موضوعات بے شمار ہیں،شہریت اس کے مقابلے پر ایک محدود علم ہے.

Q7. سوکس کن دو لاطینی الفاظ سے اخذ کیا گیا ہے اور ان کے معنی کیا ہیں؟

Ans 1: سوکس دو لاطینی الفاظ سوکس اور سویٹاس سے اخذکیا گیا ہے جن کےمعنی بالترتیب شہر اور شہری کے لیے جاتے ہیں.

Q8. علم شہریت مسائل سے آگاہی فراہم کرتا ہے.بیان کریں.

Ans 1: اگر کسی ریاست کے عوام اپنے مسائل،سیاسی،معاشی اور دیگر مسائل کے بارے میں کچھ جانتے ہی یہ ہو تو وہ ان کو حل کرنے کے بارے میں بھی فکر مند نہیں

ہوتے.علم شہریت شہریوں کو ان کے جملہ مسائل سے بھی روشناس کراتا ہے اور انہیں ان کے حل کے راستے بھی تجویز کرتا ہے

Q9. علم معاشیات کی تعریف کریں.

Ans 1: معاشیات ایک معاشرتی علم ہے.جس میں دولت،معاشی امور اور آمدن و اخراجات کے متعلق پڑھایا جاتا ہے.ماہر معاشیات مارشل اس مضمون کو دولت اور حصول دولت کا علم کہتا ہے.

Q10. سیاسی پہلو لے حوالے سے علم شہریت اورر علم سیاسیات میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: اگرچہ شہریت میں بھی سیاسی پیلوؤں کا جائزہ لیا جاتا ہے لیکن دراصل یہ پہلو سیاسیات کا موضوع ہے.سیاسی پہلو پر شہریت میں سرسری نظر ڈالی جاتی ہے.اس کا مطالعہ سیاسیات میں گہرائی سے کیا جاتا ہے.